اللہ تعالیٰ الٹی سمجھ سے محفوظ رکھے۔ آمین

بہرحال نفس محنت قابل قدر ہے اللہ تعالیٰ سے قبول فرمائیں۔ اور امت کے لئے نافع بنا دیں۔ آمین

(حضرت مولانا قاضی) عبدالحکیم غفرلہ ولوالدیہ ، ڈیرہ اسمٰعیل خان

علماء حق ابھی زندہ ہیں | الحق کے سلسلہ مضامین مثلاً حضرت مولانا سمیع الحق کے پارلیمنٹ میں مجاہدانہ تقریریں ، علامہ سمعانی سے ملاقات ، نظریہ ارتقاء کے بارے میں مولانا شہاب الدین ندوی کا قسط وار سلسلہ مضامین ۔ دارالعلوم کے شب و روز اور بالخصوص صحبتے با اہل حق اور کئی دوسرے مضامین بہت سی معلومات بہم پہنچاتے ہیں۔ اور ہم یہاں دور دراز علاقوں میں بیٹھ کر بہ یقین کہتے ہیں کہ علماء حق ابھی زندہ ہیں اور ابھی دین محمد صلعم پر کوئی ڈاکہ نہیں ڈال سکتا۔ اگرچہ حکومت وقت اور پورے عالم اسلام کے حکمرانوں کا رویہ منافقانہ کیوں نہ ہو۔

افغانستان میں حقانی برادری کی کاوشیں علماء حق کی اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کا منہ بولتا ثبوت ہیں ۔ اللہ تعالیٰ سے التجا ہے کہ حقانیہ اور دیوبندی سلسلہ کے موتیوں کو تا قیامت تابناک درخشندہ اور زندہ و تابندہ رکھے۔

محمد اسحاق مینگورہ ، سوات

سج رہا ہے شاہ خوباں کے لئے دربار دل | الحق بابت مئی ۱۹۸۸ء زیر نظر ہے اس میں صفحہ ۲۷ سے ۳۰ تک مولانا عبدالقیوم حقانی نے حضرت مولانا سید ابرار الحق صاحب کا خطاب قلم بند فرمایا ہے آخر میں ایک جملہ اپنی طرف سے لکھ کر جو شعر نقل فرمایا ہے وہ ہمارے شیخ عالی مقام حضرت مولانا سید سلیمان ندوی نور اللہ مرقدہ کا ہے اور صحیح نقل نہیں ہوا۔ حضرت ممدوح فرماتے ہیں :۔

دور باش افکار باطل دور باش اغیار دل
سج رہا ہے شاہ خوباں کے لئے دربار دل

براہ کرم تصحیح فرمالیں ۔ اسی غزل کا ایک اور شعر ہے ؎

جمع وہ سامان ہو جس کی خریداری بھی ہو
سوچ کر اے دل لگانا چاہئے بازار دل

اللہ تعالیٰ اس کی توفیق عطا فرمائے ۔

(مولانا) غلام محمد کان اللہ لہ ۔ کراچی

دفاع امام ابوحنیفہؒ

تصنیف ، مولانا عبدالقیوم حقانی

صفحات ۳۶۰۔ قیمت مجلد ۵۶/ ، غیر مجلد ۴۵/

جس میں امام اعظم ابوحنیفہؒ کی سیرت و سوانح، علمی و تحقیقی کارنامے، تدوین فقہ، قانونی کونسل کی سرگرمیاں، دلچسپ مناظرے، حجیت اجماع و قیاس پر اعتراضات کے جوابات، دلچسپ واقعات، نظریہ انقلاب و سیاست، فقہ حنفی کی قانونی حیثیت و جامعیت، تقلید و اجتہاد کے علاوہ قدیم و جدید اہم موضوعات پر سیر حاصل تبصرے۔

مؤتمر المصنفین — دارالعلوم حقانیہ — اکوڑہ خٹک — پشاور